دلاو نوٹس نمبر876

منجانب: عنایت اللہ، سراج الدین اینڈ حمیرا خاتون اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ یہ کہ عالمی ادارہ صحت کی ایک رپورٹ کے مطابق سال 2014ء سے لے کر 2018 تک پاکستان میں لیشمینیا سس کے 186703 مریض رپورٹ ہوئے ہیں۔ ڈبلیو ایچ او اُسے غربت سے منسلک بیماری قرار دیتا ہے۔ ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ چند سال پہلے تک پاکستان میں لیشمینیا سس کا وجود نہ ہونے کے برابر تھے مگر اب یہ مرض تیزی سے پھیل رہا ہے۔ جبکہ خیبر پختونخوا کے شمالی علاقہ جات میں پھیلنے والے اس بیماری کے تدارک کیلئے ہم صوبائی اسمبلی میں متعدد بار سوالات بھی اٹھائے ہیں یہ ایک اہم مسئلہ ہے لہٰذا وزیر صحت صاحب اس بیماری کے روک تھام سے متعلق حکومتی اقدامات سے اس ایوان کو آگاہ کرے۔